UR

نشان انگَشت اور یوروڈیک

©iStockphoto / janp013

ضابطه (EU) نمبر 603/2013 کی دفعه 29(3) کی تعمیل میں تیسرے ملک کے شہریوں یا بے وطن افراد کے لیے معلومات جنہیں کسی خارجی سرحد کے بے ضابطه طور پر عبور کرنے کے لیے گرفتار کیا گیا ہے

اگر آپ 14 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں اور آپ کو بے ضابطہ طور پر کوئی سرحد عبور کرنے کے لیے گرفتار کیا گیا ہے تو آپ کے نشان انگشت لے کر انہیں "یوروڈیک" کہلانے والے نشان انگشت کے ذخیرۂ معلومات کو ارسال کیا جائے گا۔ آپ کو اس کارروائی میں لازماً تعاون کرنا چاہیے - آپ کے لیے اپنے نشان انگشت فراہم کرنا قانوناً ضروری ہے۔

اگر آپ کے نشان انگشت واضح معیار کے نہیں ہیں جس میں یہ بھی شامل ہے کہ آپ نے جان بوجھ کر اپنی انگلیوں کو ضرر پہنچایا ہو تو آئندہ آپ کے نشان انگشت دوبارہ لیے جا سکتے ہیں۔

اگر آپ آئندہ کبھی دوبارہ پناہ کے لیے درخواست دیتے ہیں تو آپ کے نشان انگشت دوبارہ لیے جائیں گے۔ اگر آپ اس ملک کے بجائے، جہاں آپ کے نشان انگشت پہلی بار لیے گئے تھے، کسی مختلف ملک میں پناہ کے لیے درخواست دیتے ہیں تو آپ کو پہلے ملک میں واپس بھیجا جا سکتا ہے جہاں آپ کے نشان انگشت لیے گئے تھے۔

آپ کے نشان انگشت 18 ماہ تک محفوظ رکھے جائیں گے – 18 ماہ کے بعد وہ ذخیرۂ معلومات سے خود کار طور پر مٹا دیے جائیں گے۔ صرف آپ کے نشان انگشت اور جنس یوروڈیک میں محفوظ رکھے جائیں گے - آپ کا نام، آپ کی تصویر، تاریخ پیدائش قومیت ذخیرۂ معلومات کو ارسال یا محفوظ نہیں کیے جاتے۔

آپ آئندہ کسی بھی وقت اس ملک سے جو آپ کے نشان انگشت لے رہا ہے یوروڈیک میں درج شدہ خود سے متعلق معلومات سے مطلع کیے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ معلومات درست کرنے یا مٹانے کی درخواست کر سکتے ہیں - ان کو مٹا دینا چاہیے، مثال کے طور پر اگر آپ یورپی اتحاد(EU) یا اس سے ملحق ملک کے شہری ہو گئے ہیں یا آپ کو ان میں سے کسی ملک کا اقامتی اجازت نامہ مل گیا ہے اور آپ نے پناہ کی درخواست نہیں دی۔

یوروڈیک کو یورپی اتحاد کی ASIL-ue نام کی ایک ایجنسی چلاتی ہے۔ آپ کی معلومات صرف انہی مقاصد کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں جن کی وضاحت قانون میں کی گئی ہے۔ صرف یوروڈیک سنٹرل سسٹم آپ کی معلومات وصول کرے گا۔ اگر آپ آئندہ یورپی اتحاد (EU)یا کسی ملحق ملک [1] میں پناہ کی درخواست دیتے ہیں تو آپ کے نشان انگشت تصدیق کے لیے اس ملک میں ارسال کیے جائیں گے۔ یوروڈیک میں محفوظ شدہ معلومات میں یورپی اتحاد(EU) اور ملحق ممالک سے باہر کسی دوسرے ملک یا تنظیم کو شریک نہیں کیا جائے گا۔

---

1) جہاں قانون اس کی اجازت دیتا ہو آپ کے نشان انگشت کی تفصیلات میں 28 یورپی اتحاد (EU) کے ممالک اور 4 ملحق ممالک – ناروے، آئس لینڈ، سوئٹزر لینڈ اور لیختنسٹین کو شریک کیا جائے گا۔

20 جـولائی 2015 سے پولیـس اور یـورپی پولیـس آفـس (یوروپـول) (Europol) جیـسی مقتـدارت آپ کے نشـان انگشـت کی تـلاشی لے سـکتی ہیں جـو سـنگین جرائـم اور دہشـت گـردی کی روک تھا، سراغ رسانی اور جانچ کے مقصد سے یوروڈیـک ذخـیرۂ معلومـات تـک رسـائی کی درخواسـت کـر سـکتے ہیں۔

معلومات رابطہ

آوروڈیک کنٹرولر کا پتہ اورشناخت کی تفصیل:

وزارت داخلہ کے ماتحت مہاجرین کا ادارہ

L. Sapiegos str. 1, 10312 Vilnius

Tel: +370 5 271 7112

ایمیل: md.rastine@vrm.lt

http://www.migracija.lt

قومی دیکھ بھال کے ادارے شناخت اور ہس کی رابطہ کی تفصیل:

قومی ڈیٹا کی حفاظت کا ادارہ

A. Juozapavičiaus str. 6, 09310 Vilnius

Tel: +370 5 271 2804, +370 5 279 1445

ایمیل: ada@ada.lt

https://www.ada.lt

© یورپی اتحاد (European Union) 2014
نقل کرنے کی اجازت ہے۔ انفرادی تصویروں کے استعمال یا نقل کے لیے حقِ اشاعت کے مالکان سے براہِ راست اجازت طلب کرنی لازمی ہے۔

BZ-01-14-067-UR-C

doi:10.2847/20270
ISBN 978-92-9243-160-0

European Commission

EASO

MIGRACIJOS DEPARTAMENTAS

Publications Office